**25.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے دور میں 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے لوک سبھا حلقوں میں ووٹنگ جاری ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انتخابات آئندہ نسلوں کے ذہنوں میں جمہوریت کی اقدار کی اہمیت پیدا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

☆ ساتویں اور آخری دور کیلئے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔ چوٹی کے سیاسی رہنما اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ریلیوں کا اہتمام کر رہے ہیں۔

☆ ملک کے شمالی اور شمال مغربی خطے میں شدید گرمی کے حالات پائے جاتے ہیں۔ محکمۂ موسمیات کا کہنا ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال میں کم ہوا کا دباؤ آج شام تک شدید ہوکر سمندری طوفان کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔

☆ Papua New Guinea میں ملک کے شمالی حصے کے ایک دور دراز کے گاؤں میں ایک بڑا مٹی کا تودہ گرنے کے نتیجے میں 300 سے زیادہ افراد کے مارے جانے کا اندیشہ ہے۔

☆ جنوبی کوریا کے شہر Yecheon میں تیر اندازی کے عالمی کپ کے دوسرے مرحلے میں بھارت نے سونے اور چاندی کا ایک ایک تمغہ جیتا ہے۔ x

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Polling**

آج لوک سبھا انتخابات کے چھٹے دور میں ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ آج چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 58 پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ ہو رہی ہے۔ اِن میں 14 سیٹیں اترپردیش کی، ہریانہ کی سبھی 10 سیٹیں، بہار اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ سیٹیں، دلّی کی سبھی 7 سیٹیں، اڈیشہ کی 6 سیٹیں، جھارکھنڈ کی 4 سیٹیں اور جموں

کشمیر کی ایک پارلیمانی سیٹ شامل ہے۔ پولنگ صبح 7 بجے شروع ہوئی ہے اور شام 6 بجے تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ ایک بجے تک 39 فیصد تک ووٹ ڈالے جاچکے ہیں۔

آج کے چناؤ میں 889 امیدوار قسمت آزمائی کر رہے ہیں۔ آج جن سرکردہ امیدواروں کی قسمت الیکٹرانک مشینوں میں بند ہوجائے گی، اُن میں BJP لیڈر دھرمیندر پردھان، مینکا گاندھی، منوہر لال کھٹّر اور منوج تیواری

کانگریس کے دپیندر سنگھ ہڈّا، کماری شیلجا، راج ببر اور کنہیا کمار

سماجوادی پارٹی کے دھرمیندر یادو اور PDP کی سربراہ محبوبہ مفتی شامل ہیں۔

آج 11 کروڑ سے زیادہ افراد ووٹ دینے کے اہل ہیں اور اِن کیلئے ایک لاکھ 14 ہزار پولنگ مرکز بنائے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے وسیع بندوبست کیا ہے۔

اڈیشہ اسمبلی کے تیسرے مرحلے میں 42 سیٹوں کیلئے بھی آج ہی ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہریانہ میں کرنال اور اترپردیش میں Gainsari کی اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی ضمنی چناؤ ہو رہا ہے۔

موصولہ خبروں کے مطابق

مغربی بنگال میں تقریباً 55 فیصد

جھارکھنڈ میں لگ بھگ 42 فیصد

اترپردیش میں 37 فیصد سے زیادہ

بہار اور ہریانہ میں تقریباً 36 فیصد

جموں کشمیر میں 35 فیصد سے زیادہ

دلّی میں تقریباً 34 فیصد اور

اڈیشہ میں 36 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے جاچکے تھے۔x

## PM DD Interwievs

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ انتخابات، جمہوریت میں ایک بڑا تہوار ہے اور یہ مستقبل کی نسلوں کے ذہنوں میں جمہوریت کی اقدار کو پروان چڑھانے کا ایک بہترین موقع ہے۔ ڈی ڈی نیوز کے ساتھ ایک انٹرویو میں جناب مودی نے خیال ظاہرکیا کہ حکومت یا سیاسی پارٹیوں کو چاہیئے کہ وہ عوام کے لئے کئے گئے اپنے کاموں کا حساب دیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ انتخابات کو عوام سے ملنے کے لئے ایک قسم کی مہم سمجھتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ کسی بھی قسم کی نکتہ چینی کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔xx

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ سیاسی رہنما اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کی حمایت کیلئے ملک کے مختلف علاقوں میں ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 7 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں کیلئے پہلی جون کو پولنگ ہوگی۔ اس مرحلے میں کل 904 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

تمام مرحلوں کے انتخابات کے ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔×

## PM - UP Campaign

اترپردیش میں سبھی سیاسی پارٹیاں لوک سبھا چناؤ کے ساتویں مرحلے کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی، آج غازی پور پارلیمانی حلقے میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ یہاں سماجوادی پارٹی اور کانگریس اتحاد کے امیدوار افضل انصاری کے خلاف BJP کے امیدوار پارس ناتھ رائے چناؤ لڑرہے ہیں۔ دوسری طرف سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی اہلیہ ڈمپل یادو اور کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا وارانسی میں پارٹی امیدوار اجے رائے کی حمایت کیلئے ایک روڈ شو کریں گی، جنھیں وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف میدان میں اتارا گیا ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، Salempur، بلیا، چندولی اور وارانسی میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔×

## U-Khand Gurudwara Hemkhund Sahib Cr.

اتراکھنڈ میں چمولی ضلع میں واقع مشہور گرودوارے ہیم کھنڈ صاحب کے دروازے آج صبح تمام رسم و رواج کے ساتھ عقیدت مندوں کیلئے کھول دیئے گئے ہیں۔ دروازے کھلنے کے موقع پر گرودوارے کے باہر ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مند موجود تھے۔ ہیم کھنڈ صاحب میں جانے کیلئے آسان اور محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لئے ریاستی حکومت اور ضلع انتظامیہ نے اس سال یہاں پہنچنے کے راستوں پر وسیع انتظامات کئے ہیں۔ ابتدائی دنوں میں عقیدت مندوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ہر روز صرف 3500 عقیدت مندوں کو ہی ہیم کھنڈ صاحب میں جانے کی اجازت ہوگی۔ x

## INA Parade

آج صبح Kannur ضلع میں Ezhimala کے مقام پر انڈین نیول اکیڈمی INA میں منعقدہ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر بحریہ کے کیڈٹس نے ایک متاثر کن مارچ پاسٹ کا مظاہرہ کیا۔

فضائیہ کے سربراہ ، ائیر چیف مارشل، وی آر چودھری نے پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کیا اور تربیتی پروگراموں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس کو تمغوں سے نوازا۔ 34 خواتین اور دوست ملکوں کے دس کیڈٹس سمیت 216 زیرِ تربیت کیڈٹس نے INA سے اپنی تربیت مکمل کی۔×

## IMD Weather

گرمی کی شدید لہر نے بھارت کے شمالی اور شمال مغربی خطے کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے ریڈ-اورینج الرٹ کے اعلان کے ساتھ پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو سے تین روز تک راجستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی اترپردیش، مدھیہ پردیش اور گجرات کے زیادہ تر حصوں میں گرمی کی شدید لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔

کل، مغربی راجستھان میں Phalodi کے مقام پر زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 49 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو روز کے دوران کیرالہ، انڈمان اور نکوبار جزائر، کونکن، گوا اور وِدربھ میں موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ محکمے نے ماہی گیروں کو صلاح دی ہے کہ وہ کل تک وسطی خلیج بنگال میں اور پیر تک شمالی خلیج بنگال میں مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔

جبکہ سمندر میں موجود ماہی گیروں کو ساحل پر واپس آجانے کی صلاح دی گئی ہے۔

قومی راجدھانی میں شدید گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ یہاں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 44 ڈگری سیلسیس رہنے کا امکان ہے۔ x

## Pakistan Heatwave

پاکستان میں شدید گرمی کی لہر جاری ہے۔ درجۂ حرارت 50 ڈگری سیلسیس پہنچ چکا ہے۔ اس کی وجہ سے ملک بھر کے اسپتالوں میں لو سے متاثرہ ہزاروں مریض زیرِ علاج ہیں۔

آب و ہوا کی تبدیلی کے محکمے کی سربراہ رومینہ عالم نے کہا کہ 4 روز سے پاکستان شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ ملک میں مزید ایک ہفتے تک یہ حالات رہ سکتے ہیں۔

موسمیات کے محکمے کے سربراہ سردار سرفراز نے کہا کہ آج درجۂ حرارت 51 ڈگری سیلسیس تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔ ملک کے جنوبی صوبے سندھ میں ایمبولینس کے ذریعے لوگوں کو اسپتال پہنچایا گیا۔ تمام بڑے شہروں میں گرمی سے راحت کے عارضی کیمپ قائم کئے گئے ہیں۔×

## Cyclone Remal

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال میں کم ہوا کا دباؤ مزید شدت اختیار کرے گا اور شام تک یہ سمندری طوفان کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ محکمے نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ Remal کے کل آدھی رات کو بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے ساحل پار کرلینے کا امکان ہے اور یہ خطرناک طوفان کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ اس کی وجہ سے مغربی بنگال میں کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ شمالی اڈیشہ کے ساحلی علاقوں میں بھی کہیں کہیں موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ علاقوں کیلئے بہت زیادہ بارش کا امکان ہے۔

کل بحران سے نمٹنے والی قومی کمیٹی کی میٹنگ میں طوفان سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس میٹنگ کی صدارت کابینہ سکریٹری راجیو Gauba نے کی۔ x

## PNG Landslide

Papua New Guinee میں بڑے پیمانے پر تودے گرنے کے واقعات کی وجہ سے ملک کے شمالی حصے کے دور دراز کے ایک گاؤں میں تین سو سے زیادہ افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔ Engna صوبے میں Kaokalam گاؤں میں کل تودے گرنے کی وجہ سے گیارہ سو سے زیادہ مکانات منہدم ہوگئے ہیں۔یہ گاؤں دارالحکومت Post Moresby سے شمال مغرب میں 600 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔Malitaka ضلع کے صوبوں میں چھ سے زیادہ گاؤں اس واقعے سے متاثر ہوئے ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلیا کے شمال میں واقع بحرالکاہل ملک میں کم آبادی والے علاقے میں ایمرجنسی ٹیمیں پہنچ چکی ہیں اور اموات کی تعداد بڑھنے کا خدشہ ہے۔

وزیراعظم James Marapeنے کہا ہے کہ ہنگامی آفات سے نمٹنے والے افسران، دفاعی افواج اور سرکاری کاموں اور شاہراہوں کا محکمہ راحت اور بچاؤ کی کوششوں میں مدد کررہا ہے۔ تودے گرنے کی وجہ سے شاہراہوں پر راستے بند ہوگئے ہیں، جس کی وجہ سے متاثرہ علاقوں تک پہنچنے کے لئے ہیلی کاپٹروں کا استعمال ہی واحد راستہ رہ گیا ہے۔xx

## Archery Gold

بھارت نے جنوبی کوریا کے شہر Yecheon میں جاری تیز اندازی عالمی کپ اسٹیج دو کے خواتین Compound ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ فائنل میں Jyothi Surekha Vennam ، پرنیت کور اور آدیتی سوامی نے ترکی کے خلاف سونے کا تمغہ جیتا۔

عالمی نمبر ایک بھارت کی Compound خواتین ٹیم ترکی Hazal Barun ، Ayse Bera Suzer اور Begum Yuva پر حاوی رہیں اور ایک بھی سیٹ گنوائے بغیر چھ پوائنٹ کے فرق سے سونے کا تمغہ حاصل کیا ۔ جیوتی پرنیت اور عالمی چیمپئن آدیتی نے ایک ساتھ مل کر عالمی کپ میں گولڈ میڈل کی ہیٹرک مکمل کی ہے ۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں آج کوالا لمپور میں Malaysia Masters کے خواتین سنگلز سیمی فائنل میں دو بار اولمپک تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو کا مقابلہ تھائی لینڈ کی عالمی نمبر 20 کھلاڑی
Busanan Ongbam-rungphan سے ہوگا ۔ مایہ ناز بیڈمنٹن کھلاڑی نے کل کوارٹر فائنل میں چین کی ٹاپ سیڈ کھلاڑی Han Yue کو ہرایا تھا تاہم
Ashmita Chaliha خواتین کے ایک دیگر سنگلز کوارٹر فائنل میں چین کی Zhang Yi Man سے ہار گئیں۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں دوسرے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد، راجستھان رائلس کو 36 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ جیت کیلئے 176 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے راجستھان رائلس مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر صرف 139 رن ہی بناسکی۔ اِس سے پہلے راجستھان رائلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 175 رن بنائے۔ سن رائزرس حیدرآباد کی طرف سے Heinrich Klaasen نے 34 گیندوں میں 50 رن بنائے۔ شہباز احمد نے 3 وکٹ اور ابھیشیک شرما نے 2 وکٹ حاصل کئے۔

راجستھان رائلس کی طرف سے Dhruv Jurel نے 35 گیندوں میں 56 رن بنائے۔ Trent Boult اور Avesh Khan نے 3-3 وکٹ حاصل کئے۔ شہباز احمد کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اب سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کل فائنل میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے پہلے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کو شکست دی تھی۔x

## NIA - Rameshwaram

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے رامیشورم کیفے دھماکے کے معاملے میں ایک اور ملزم کو گرفتار کیا ہے ۔ NIA کے مطابق کرناٹک کے ہبلی کا رہنے والا 35 سالہ شعیب احمد مرزا اس معاملے میں گرفتار ہونے والا پانچواں ملزم ہے۔ اس ملزم کی شناخت لشکر طیبہ کی دہشت گردی کی سازش کے ایک معاملے میں مجرم کے طور پر کی گئی ہے ۔ NIA کی تفتیش میں انکشاف کیا گیا ہے کہ مرزا ، جو کہ اس سے پہلے لشکر طیبہ کے بنگلورو سازش معاملے میں مجرم قرار دیا گیا تھا ، جیل سے رہا ہونے کے بعد اس نئی سازش میں ملوث ہوگیا ۔ x

☆☆☆☆